Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | منگل 06 دسمبر 2022ء 11 جمادی الاول 1444ھ 22 مگھر 2079 ب | صفحات 04 / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 292

منگلا تقریب: پاکستان، آزاد کشمیر کے وزرائے اعظم میں تکرار، شہباز شریف نامناسب رویہ پر معافی مانگیں، تنویر الیاس

سردار تنویر الیاس نے شہباز شریف کی تقریر کے دوران بولنے کی کوشش کی، جس پر انہیں خاموش ہونے کا کہہ دیا گیا، شہباز شریف نے اپنی تقریر دوبارہ شروع کی تو وزیراعظم آزاد کشمیر پھر بول پڑے، خبر رساں ادارہ

وزیراعظم پاکستان کو وزیراعظم آزاد کشمیر کی بات سننی چاہیے تھی، اہلیان کشمیر پاکستان کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں، شہباز شریف سیاست اور جمہوری روایات سے نابلد ہیں میں کشمیریوں کی بے عزتی نہیں ہونے دوں گا، تنویر الیاس

منگلا (کے این این) وزیراعظم شہباز شریف کی منگلا میں تقریر کے دوران وزیراعظم آزاد کشمیر کے ساتھ تکرار ہوگئی۔ وزیراعظم شہباز شریف منگلا میں ڈیم کے یونٹ 5 اور 6 کی ریفربشمنٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کر رہے تھے کہ کوہستان میں بجلی منصوبے کا اعلان کرنے پر وزیراعظم آزاد کشمیر کے ساتھ تکرار ہو گئی۔ پاکستان تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے وزیراعظم کی تقریر کے دوران (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

میرپور (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے منگلا ڈیم پاور ہاؤس کے 2 نئے یونٹ کے افتتاح کے موقع پر آزاد کشمیر حکومت کو اعتماد میں نہیں لیا اور جب ہمیں اطلاع ملی تو میں (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

منگلا: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف منگلا ڈیم کے یونٹ 5 اور 6 کا افتتاح کر رہے ہیں، وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان بھی موجود ہیں۔

پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع موجود ہیں، مسعود خان

سفیر پاکستان کا اوکلوہامہ سٹی کے سالانہ عشائیے کی تقریب سے خطاب

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکہ میں پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکی ریاست اوکلوہامہ میں موجودہ 70 ملین ڈالر کی دوطرفہ تجارت موجود استعداد سے (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

بلدیاتی انتخابات، میرپور ڈویژن میں انتخابی مہم آج 6 دسمبر کی شب ختم ہو جائیگی

الیکشن مہم کے سلسلہ میں پولنگ سے ایک روز قبل کوئی بھی شخص یا امیدوار عوامی جلسہ ریمیٹنگ منعقد نہیں کر سکتا نہ ایسے عمل کا حصہ بن سکتا ہے

خلاف ورزی کے ارتکاب کی صورت میں ایسے افراد اور امیدواران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے، ترجمان

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر الیکشنز ایکٹ 2020 کی دفعہ 112 ذیلی دفعہ (1) کے تحت بلدیاتی انتخابات منعقدہ 08 دسمبر 2022 میرپور ڈویژن کے لیے الیکشن مہم کے سلسلہ میں پولنگ سے ایک روز قبل کوئی بھی شخص یا امیدوار نہ تو عوامی جلسہ ریمیٹنگ منعقد کرسکتا ہے اور نہ ہی کسی ایسے عمل کا حصہ بن سکتا ہے۔ واضع رہے کہ مروجہ قانون کے تحت 06 اور 07 دسمبر 2022 کی درمیانی شب رات 12:00 (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

سائفر آڈیو لیک، عمران خان نے ایف آئی اے میں طلبی ہائیکورٹ میں چیلنج کر دی

عمران خان ایماندار، باعزت شخصیت ہیں، عمران خان کی بڑھتی ہوئی شہرت سیاسی طاقتوں کے خلاف خطرہ بن چکی

اب عمران خان کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے بے بنیاد انکوائری میں طلب کیا گیا، عدالت انکوائری روکے درخواست

لاہور (صباح نیوز) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان نے سائفر آڈیو لیک کے معاملے پر عدالت سے رجوع کر لیا۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے سائفر آڈیو لیک کے معاملے پر طلب کیے جانے کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا ہے، درخواست میں وفاقی (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

میرپور: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان ہنگامی پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

روس عالمی نرخوں پر پٹرولیم مصنوعات دینے پر رضامند

روس کا دورہ توقع سے زیادہ کامیاب رہا، ایل این جی کی فراہمی پر بھی بات چیت جاری ہے، ملک کے مفاد کو سامنے رکھ کر آگے بڑھ رہے ہیں، تمام عالمی قوانین کو سامنے رکھتے ہوئے آگے بڑھیں گے

روسی حکومت کا وفد آئندہ سال جنوری میں پاکستان کا دورہ کرے گا، روس سے کچھ لچک دکھانے کی درخواست کی ہے، پاکستان کی مجبوریوں اور کچھ رکاوٹوں سے آگاہ کر دیا، وزیر مملکت کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ روس نے ہمیں رعایتی نرخوں پر خام تیل دینے کا فیصلہ کیا ہے، خام تیل کے علاوہ روس پاکستان کو پیٹرول اور ڈیزل بھی کم قیمت پر فراہم کرے گا۔ وزیر مملکت کی جانب سے اعلان وزیر خزانہ اسحاق ڈار کے اس بیان کے ایک ماہ بعد سامنے آیا ہے جس میں انہوں نے کہا گیا تھا کہ ملک روس سے رعایتی تیل خریدنے پر غور کر رہا ہے جب کہ پڑوسی ملک بھارت بھی ماسکو سے تیل خرید رہا ہے اور اسلام آباد کو بھی اس سلسلے میں کوشش کرنے کا حق حاصل ہے۔ اپنے دورہ روس کے حوالے سے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ روس کا دورہ توقع سے زیادہ کامیاب رہا، انہوں نے کہا کہ اگر ملک نے ترقی کرنی ہے تو ہمیں ہر سال اپنی توانائی کی فراہمی 8 سے (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

میرپور: مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر و سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان، سابق وزیر حکومت چوہدری محمد سعید و دیگر سیکٹر ایف ٹو میں انتخابی مہم کے سلسلہ میں منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں۔

بلدیاتی انتخابات میں مداخلت، توڑ پھوڑ کا الزام، ڈپٹی ڈائریکٹر سیاحت معطل

یونین کونسل تاہی میں پولنگ ختم ہونے کے بعد گنتی کے دوران بیلٹ پیپر چھین کر آگ لگانے، عملہ کو ہراساں کرنے کا الزام ہے

کمشنر مظفرآباد مسعود الرحمان کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا ہے جو کہ مزید کارروائی کیلئے دس ایام کے اندر رپورٹ مرتب کریں گے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پونچھ ڈویژن میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے دوران پولیس تھانہ ہجیرہ میں درج رپورٹ کے مطابق یونین کونسل تاہی میں پولنگ ختم ہونے کے بعد گنتی کے دوران بیلٹ پیپر چھین کر آگ لگانے، سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے، سرکاری املاک کی توڑ پھوڑ اور پولنگ اسٹیشن پر موجود پولنگ عملہ کو ہراساں، زدوکوب کرنے کے معاملہ میں ملک فیاض عرف موئی ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ سیاحت و آثار قدیمہ کو فوری طور (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

وفاق کا پنجاب میں گورنر راج کے بجائے ان ہاؤس تبدیلی کا فیصلہ

ان ہاؤس تبدیلی کیلئے اعتماد کے ووٹ کا آپشن استعمال کیا جائے گا

لاہور (صباح نیوز) وفاقی حکومت نے پنجاب میں گورنر راج لگانے کے بجائے ان ہاؤس تبدیلی کو زیادہ مضبوط آپشن قرار دیتے ہوئے اقدامات شروع کر دیئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ان ہاؤس تبدیلی کیلئے اعتماد کے ووٹ کا آپشن استعمال کیا جائے گا، اس سلسلہ میں آصف زرداری کو (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

سروس ٹریبونل 10 دسمبر تک میرپور میں مقدمات کی سماعت کرے گا

مظفرآباد (پی آئی ڈی) رجسٹرار سروس ٹریبونل کی جانب سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق آزاد جموں وکشمیر سروس ٹریبونل سوموار 05 دسمبر 2022 سے ہفتہ (بقیہ 49 صفحہ 03 پر)

حکومتی وسائل استعمال کرنے کے باوجود حکمران جماعت کو شکست ہوئی، چوہدری یاسین

شہری حکومتیں بھی متحدہ اپوزیشن بنانے جارہی ہے اور میرپور ڈویژن میں بھی تحریک انصاف کو عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑے گا

ملک کو ہمیشہ پیپلز پارٹی نے ہی بحرانوں سے نکالا ہے اور اس وقت بھی صرف ملک کی بقاء کیلئے پارٹی کی قیادت اپنا کردار ادا کر رہی ہے

چوک صاحباں (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر وممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین نے کہا ہے کہ تمام تر حکومتی وسائل اور پیسے کے بے دریغ استعمال کے باوجود تحریک انصاف کو مظفرآباد ڈویژن اور پونچھ ڈویژن میں شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے اور شہری حکومتیں بھی متحدہ اپوزیشن بنانے جا رہی ہے اور میرپور ڈویژن میں بھی تحریک انصاف کو عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

الیکشن میں پی ٹی آئی کے آلہ کار بننے والے ملازمین کیخلاف کارروائی کرینگے، شاہ غلام قادر

مسلم لیگ ن قوت کے ساتھ آزاد کشمیر کے اندر بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے رہی ہیں، موجودہ حکومت چند دنوں کی مہمان ہے

لیگ ن بلدیاتی انتخابات پر یقین رکھتی ہے ہم نے کبھی بھی بلدیاتی انتخابات کی مخالفت نہیں کی، صدر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر

کھوئی رٹہ (دھرتی نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے کہا ہے مسلم لیگ ن بلدیاتی انتخابات پر یقین رکھتی ہے ہم نے کبھی بھی بلدیاتی انتخابات کی مخالفت نہیں کی سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال وزراء جو کر رہے ہیں ان کا محاسبہ ہم نے کرنا ہے مسلم لیگ ن بڑی قوت کے ساتھ آزاد کشمیر کے اندر بلدیاتی انتخابات میں حصہ لیا اور لے رہی ہیں یہ احسن طریقے کے ساتھ کام کریں گے ہم نے مسلم لیگ ن کو مضبوط کرنا ہے یہ آج موقع ہے ہمیں مسلم لیگ ن کو ہم نے مضبوط کرنا ہے وزراء باز رہیں ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے کوئی بھی مسلم لیگ ن کے کارکن کو دبا نہیں (بقیہ 50 صفحہ 03 پر)

کھوئی رٹہ: پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر، وزیر حکومت راجہ نثار احمد و دیگر استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

پونچھ کے عوام نے انتشاری سیاست کو مسترد کر دیا، فاروق حیدر

آزاد کشمیر سے تبدیلی کا بوریا بستر گول کرنے کا وقت آگیا ہے، خطاب

میرپور (دھرتی نیوز) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر و مرکزی رہنما مسلم لیگ ن راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ پونچھ ڈویژن کے عوام نے انتشاری سیاست کو مسترد کر دیا میرپور کے عوام درست فیصلہ کریں پاکستان میں انتشاری سیاست اختتام کے قریب ہے ہمارے دور کے (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود سے جاپان کے سفیر متسو ہیرو وادا اور مادام سفیر ملاقات کر رہے ہیں۔

چوک صاحباں: پی ٹی آئی سے مستعفی ہو کر پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے قاری محمد خادم و دیگر کا صدر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری یاسین کے ہمراہ فوٹو۔

آرمی چیف کا دورہ کنٹرول لائن، کشمیریوں کے حوصلے بلند ہوئے

جنرل عاصم منیر کے کنٹرول لائن کا دورہ لائق تحسین ہے، سردار عتیق احمد

مظفرآباد (صباح نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے قائد و سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ نو تعینات چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کا کنٹرول لائن کے دورہ سے کشمیری عوام کے حوصلہ بلند ہوئے ہیں ان کے کنٹرول لائن کے دورے سے اس (بقیہ 51 صفحہ 03 پر)

ڈالر مزید مہنگا، سٹاک مارکیٹ میں ملا جلا رجحان رہا

واشنگٹن (صباح نیوز) ڈالر مزید مہنگا ہو گیا، سٹاک مارکیٹ میں ملا جلا رجحان رہا۔ فاریکس ڈیلرز کے مطابق انٹربینک میں ڈالر 6 پیسے مہنگا ہونے کے بعد 223 روپے 75 پیسے کا (بقیہ 52 صفحہ 03 پر)

صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود سے جاپان کے سفیر کی ملاقات

کشمیر ہاؤس میں ہونیوالی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے پاکستان میں تعینات جاپان کے سفیر متسو ہیرو وادا (Mitsuhiro Wada) اور مادام سفیر کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات۔ اس موقع پر ملاقات میں صدر ریاست آزاد جموں و (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

عمران خان سے کسی صورت مذاکرات نہیں ہوں گے، فضل الرحمان

کسی کو ملکی داخلی خودمختاری پر دخل اندازی کا کوئی حق نہیں، پریس کانفرنس

پشاور (صباح نیوز) جمعیت علمائے اسلام ف اور پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کوئی شک نہیں پاکستان کو اس وقت بڑے بحرانوں کا سامنا ہے، ہمیں اندازہ نہیں تھا کہ اتنی مشکلات آئیں گی، آئی ایم ایف نئے قسط کے اجرا پر (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

چوہدری یاسین کے والد کی وفات پر تعزیت کرنیوالوں کا تانتا

چوک صاحباں (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر وممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین کے (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

آزاد کشمیر بلدیاتی انتخابات، ن لیگ، پی پی کا پلڑا بھاری رہا

عوام نے حکمران جماعت پی ٹی آئی پر عدم اعتماد کر دیا، وزیر ریلوے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر ریلوے و ہوابازی خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کا پلڑا بھاری رہا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ آزاد کشمیر کے جماعتی بلدیاتی انتخابات میں (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

ٹاؤن کمیٹی کھائی گلہ کی وارڈ نمبر ایک کے نتائج کا نیا نوٹیفکیشن

جے کے پی پی، پیپلز پارٹی کے امیدواران کے ووٹوں کی تعداد برابر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ریٹرننگ آفیسر حلقہ نمبر تین نے کھائی گلہ ٹاؤن کمیٹی کی وارڈ نمبر ایک کے نتائج کا نیا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جس کے مطابق جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے امیدوار عبدالمجید، پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار عثمان طارق کے ووٹ برابر 208 درج کئے ہیں، قبل (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

عوام عمران نیازی کے جھوٹ اور مکر کو جان چکے ہیں، احسن اقبال

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت آزاد کشمیر کو بلدیاتی انتخابات کے پہلے و دوسرے مرحلے (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

راولپنڈی ٹیسٹ، انگلینڈ نے پاکستان کو شکست دے دی

سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 9 دسمبر سے ملتان اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

راولپنڈی (صباح نیوز) انگلینڈ نے 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میزبان پاکستان کو آخری سیشن میں 74 رنز سے شکست دے کر 1-0 کی برتری حاصل کرلی۔ راولپنڈی سٹیڈیم میں جاری ٹیسٹ میچ کے پانچویں روز 343 (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

فواد چوہدری نے آزاد کشمیر بلدیاتی انتخابات کے نتائج شیئر کر دیئے

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے آزاد کشمیر بلدیاتی انتخابات کے نتائج شیئر کر دیئے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

نو منتخب کونسلر وارڈ چھڑ ثاقب سلیم کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

عوامی توقعات پر پورا اترنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، نیئر ایوب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) نو منتخب کونسلر وارڈ نمبر بیس چھڑ راولاکوٹ سردار ثاقب سلیم کے اعزاز میں مقامی گیسٹ ہاؤس میں استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں وارڈ چھڑ کے معززین، مختلف سیاسی جماعتوں کے زعماء، پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کے گرد گھیرا مزید تنگ

پی ٹی آئی چیئرمین شپ سے ہٹانے کی کارروائی شروع، نوٹس جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) توشہ خانہ ریفرنس میں پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کو پارٹی چیئرمین شپ سے ہٹانے کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو پارٹی سربراہی سے ہٹانے کا نوٹس جاری کر دیا ہے اور الیکشن کمیشن نے پارٹی چیئرمین شپ کیس 13 دسمبر کو مقرر کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ 21 اکتوبر کو الیکشن کمیشن نے عمران خان کے (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اسحاق ڈار کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سرمایہ کاری

اکیسویں صدی کی کہانیاں

اکرم سہیل

masohailajk@yahoo.com

وہ شہر میں دودھ سپلائی کرتا ہے۔ کئی دفعہ ایسا ہوا کہ جب اس کی دودھ کی گاڑی شہر میں داخل ہوتی تو بلدیہ انسپکٹر کا چھاپہ پڑ گیا اور دودھ میں ملاوٹ کی وجہ سے اسے جرمانہ بھرنا پڑا۔ اور دودھ بھی تلف کرنا پڑا۔۔

اب اس کاروباری کامیابی کے بعد انہوں نے اسلامی گارمنٹس کے نام پر نیا کاروبار شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ایک دن بلدیہ کے ملازمین نے دیکھا کہ وہی گاڑی آرہی ہے لیکن اس کے چاروں طرف بورڈ لگے ہوئے ہیں جن پر لکھا ہے، اسلامی دودھ۔۔ یہ پڑھ کر بلدیہ کے ملازمین کو ہمت نہ ہوئی کہ وہ گاڑی روکیں اور اس میں دودھ کو چیک کرسکیں۔ اب جب وہاں سے گاڑی گزرتی ہے تو بلدیہ کے سارے ملازمین کھڑے ہو کر گاڑی کو سلیوٹ کرتے ہیں اور گاڑی فراٹے بھرتی ہوئی شہر میں داخل ہو جاتی ہے۔۔۔

بلدیاتی انتخابات میں آزاد خطے کے بالغ نظر عوام نے اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کیا، ڈاکٹر خالد

الیکشن کمیشن، حکومت اور انتظامیہ نے طویل عرصے بعد بلدیاتی انتخابات کروائے جس پر ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں

بلدیاتی انتخابات تسلسل کے ساتھ ہوتے رہتے تو سیاسی قیادت کا بحران پیدا نہ ہوتا بلکہ اچھی قیادت قوم کو میسر آتی، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں جس طرح آزاد خطے کے بالغ نظر عوام نے اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کیا ہے اس پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے، الیکشن کمیشن، حکومت اور انتظامیہ نے طویل عرصے بعد بلدیاتی انتخابات کروائے جس پر ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں، بلدیاتی انتخابات تسلسل کے ساتھ ہوتے رہتے تو سیاسی قیادت کا بحران پیدا نہ ہوتا (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

Editorial

ایڈیٹوریل

ڈیفالٹ کا خطرہ؟

آج کل پاکستان میں ہر طرف قرضوں کے ڈیفالٹ کے خطرے پر گفتگو ہو رہی ہے۔ جس ڈیفالٹ کی بات ہو رہی ہے، وہ کوئی عام ڈیفالٹ نہیں۔ قانونی زبان میں اسے "ساورن ڈیفالٹ " کہا جاتا ہے۔ یہ ساورن یعنی خودمختار ڈیفالٹ کیا ہے؟ سادہ الفاظ میں ایک خودمختار ملک کی جانب سے واجب الادا قرض کی ادائیگی میں ناکامی یا اس ادائیگی سے انکار کو ساورن ڈیفالٹ کہا جاتا ہے۔ اس ادائیگی میں ناکامی کی دو شکلیں ہیں۔ ایک اعلانیہ شکل ہوتی ہیں۔ اس شکل میں حکومت واجب الادا قرضوں کی ادائیگی میں ناکامی کا باقاعدہ حکومت کی طرف سے رسمی اعلان کرسکتی ہے کہ وہ اپنے سارے قرضوں یا کچھ واجب الادا قرضوں کی ادائیگی نہیں کرے گی۔ ڈیفالٹ کی دوسری شکل غیر اعلانیہ ہوتی ہے، جس میں حکومت عدم ادائیگی کا باقاعدہ اعلان تو نہیں کرتی، مگر عملی طور پر وہ واجب الادا قرض یا قرضے ادا کرنے میں ناکام رہتی ہے۔ ڈیفالٹ کی ایک تیسری شکل بھی وہتی ہے، جس میں قرض کی ادائیگی سے رسمی انکار نہیں کیا جاتا، نہ ادائیگی میں ناکامی کا اعتراف کیا جاتا ہے، لیکن کچھ ایسے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں، جن کی وجہ سے وہ ممالک بعض اوقات اپنے قرضوں کے حقیقی بوجھ سے بچ جاتے ہیں۔ یہ عام معنوں میں ڈیفالٹ نہیں ہے، کیونکہ قرض کا احترام کیا جاتا ہے، مگر کم حقیقی قدر کی کرنسی کے ساتھ۔ ادائیگی کی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومتیں بعض اوقات اپنی کرنسی کی قدر میں کمی کرتی ہیں۔ یا پھر وہ مزید رقم چھاپ کر، یا اپنی کرنسیوں کی قیمتی دھاتوں یا مقررہ شرحوں پر غیر ملکی کرنسی میں تبدیلی کو ختم یا تبدیل کر کے ایسا کرسکتی ہیں۔ ڈیفالٹ کی ان سب شکلوں کو بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیاں اپنے ریکارڈ میں دکھاتی ہیں، جس سے کسی ملک کے اچھے یا خراب کریڈٹ کا تعین ہوتا ہے۔ ان ایجنسیوں کی اس رپورٹس سے اس ملک کی مستقبل میں مزید قرض لینے کی صلاحیت کا اظہار ہوتا

جن ملکوں یا اداروں نے قرض دیا ہوتا ہے، یا بانڈز خریدے ہوتے ہیں، اگر ان کو یہ شک ہو کہ حکومت اپنا قرض واپس کرنے میں

ناکام ہوسکتی ہے، تو وہ ڈیفالٹ کے خطرے کے پیش نظر بلند شرح سود کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ یہ ایک قرض دار ملک کے لیے خطرناک صورت حال ہوتی ہے۔ سود کی شرح میں ڈرامائی اضافہ جس کا سامنا کسی حکومت کو اس خوف سے کرنا پڑتا ہے کہ وہ اپنے قرض کو ادا کرنے میں ناکام ہو جائے گی، اسے خود مختار قرضوں کا بحران کہا جاتا ہے۔

چونکہ ایک خود مختار حکومت اپنے معاملات کو خود کنٹرول کرتی ہے، اس لیے بظاہر اسے قرض دینے والا ملک اپنے قرض کی ادائیگی پر مجبور نہیں کرسکتا۔ مگر ماضی میں ایسا کیا جاتا رہا ہے۔ قرض کی واپسی میں ناکامی پر ایک بڑی قرض دہندہ قوم، اپنے قرض کی وصولی کے لیے کسی حد تک بھی جاسکتی تھی۔ مقروض ملک کے اثاثوں کو ضبط کرنے کے لیے مقروض قوم کے خلاف جنگ چھیڑ سکتی تھی۔ مثال کے طور پر 1882 میں برطانیہ نے قرض ادا کرنے میں ناکامی پر مصر پر حملہ کر دیا تھا۔ دوسری مثالیں 1890 کی دہائی کے وسط میں وینزویلا میں ریاستہائے متحدہ کی " گن بوٹ ڈپلومیسی " اور 1915 میں ہیٹی پر امریکہ کا قبضہ ہے۔ لیکن آج کل صورت حال مختلف ہے، کیوں کہ اقوام متحدہ نے اپنے چارٹر کے آرٹیکل 2 (4) کے تحت ریاستوں کی طرف سے اپنے قرضوں کی وصولی کے لیے طاقت کے استعمال پر پابندی لگا دی تھی۔ اس لیے آج کل قرض کی وصولی کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے دیگر پر امن مگر انتہائی سخت ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں۔

آج، ایک ایسی حکومت جو ڈیفالٹ کرتی ہے، اس کو مزید عالمی کریڈٹ کے لیے نا اہل قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس کے کچھ بیرون ملک اثاثے ضبط کیے جاسکتے ہیں؛ اور اسے اپنے ہی گھریلو بانڈ ہولڈرز کی طرف سے اپنے قرض کی ادائیگی کے لیے سیاسی دباؤ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ حکومت اس بحران کا شکار ہو کر ختم ہوسکتی ہے۔ لہٰذا، حکومتیں شاذ و نادر ہی اپنے قرض کی پوری قیمت پر ڈیفالٹ کرتی ہیں۔ اس کے بجائے، وہ اکثر اپنے بانڈ ہولڈرز کے ساتھ بات چیت کے ذریعے ادائیگی میں مہلت، تاخیر، قرض کی تنظیم نو یا اپنے قرض میں جزوی کمی پر اتفاق کرتے ہیں۔ آج کل ایک جدید رجحان یہ بھی ہے کہ بحران کی صورت میں ریگولیٹرز اور غیر ملکی قرض دہندگان کسی ملک کے قرض کی وقت سے پہلے تنظیم نو کر سکتے ہیں، جسے " آرڈرلی ڈیفالٹ " یا " کنٹرولڈ ڈیفالٹ " بھی کہا جاتا ہے۔

یہ وہ مقام ہوتا ہے، جہاں آئی ایم ایف سامنے آتا ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اکثر قرضوں کی تنظیم نو کے لیے قرض دیتا ہے۔ قرض کے بقیہ حصے کی ادائیگی کے لیے فنڈز کی دستیابی کے لیے کچھ اقدامات تجویز کرتا ہے۔ ان میں قرضوں کے اندر بدعنوانی میں کمی، کفایت شعاری، غیر منافع بخش پبلک سیکٹر سروسز کو کم کرنا، ٹیکس میں اضافہ جیسے اقدامات سے مشروط کر دیتا ہے۔ یا پھر آمدنی میں اضافے کی دوسری شکلیں تجویز کرتے ہیں، جیسے نا اہل یا بدعنوان لیکن منافع بخش معاشی شعبوں کو نجی ملکیت میں فروخت کرنے کی تجویز وغیرہ شامل ہیں۔

پاکستان میں اس وقت جو صورت حال ہے یہ ہر اعتبار سے ساورن قرضوں کے بحران کی تعریف پر پورا اترتی ہے۔ سابق وزیر اعظم عمران خان تو تسلسل سے یہ بات دہراتے رہے ہیں کہ پاکستان ڈیفالٹ کے خطرے سے دوچار ہے۔ سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے بھی مختلف الفاظ میں ہی سہی، اس خطرے کا اظہار کیا ہے۔ موجودہ وزیر اعظم نے بار ہا ڈیفالٹ کی بات کی ہے۔ ان کے تازہ ترین بیان کے مطابق " پاکستان کے پاس دیوالیہ پن سے پیچھے ہٹنے کے لیے بہت کم وقت رہ گیا ہے"۔ لیکن دوسری طرف خود ان کی اپنی وزیر مملکت برائے فنانس اور رینیو نے پارلیمنٹ میں کہا ہے کہ ملک کو ڈیفالٹ ہونے کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ ماضی میں حکومت کو آئی ایم ایف کے پروگرام میں تعطل کی وجہ سے ملٹی لیٹرل اور بائی لیٹرل ایجنسیوں اور یہاں تک کہ کمرشل مارکیٹ سے قرضے نہیں مل سکتے تھے۔ لیکن آئی ایم ایف کے ساتویں اور آٹھویں جائزے میں کامیابی کے بعد پاکستان کو ڈیفالٹ کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ یہ صورت حال حکمران اشرافیہ کے اندر اس مسئلے پر پائے جانے والے کنفیوژن اور تضادات کا اظہار ہے۔ دوسری طرف قرض کے بحران سے نکلنے کے لیے حکومت آئی ایم ایف کی شرائط پر پورا اترنے کے لیے ایسے اقدامات پر غور کر رہی ہے، جن کو عوامی مفادات کے مطابق نہیں سمجھا جاسکتا۔ ان میں بہت سارے قومی اثاثوں کی نج کاری ہے، جن میں سٹیل مل، ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، ہیوی الیکٹریکل کمپلیکس ٹیکسلا، وومین بینک، انشورنس کمپنیاں اور دیگر کئی ادارے شامل ہیں۔ ڈیفالٹ کے خطرے کی بات کو ایک طرف رکھتے ہوئے اس حقیقت کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ قرضوں کی بر وقت ادائیگی سے معذوری، قرضوں کی تنظیم نو، اور ادائیگی میں تاخیر کو اگرچہ تکنیکی اعتبار سے ڈیفالٹ نہ بھی سمجھا جائے تو اس کو قرضوں کا سنگین بحران ماننے سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اصل سوال یہ ہے کہ حکومت کے پاس اس بحران سے نکلنے کے لیے آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق قومی اثاثوں کی فروخت، عوام پر بے تحاشا ٹیکس اور غریب عوام کو حاصل سبسڈی ختم کرنے کے علاوہ کیا پروگرام ہے؟ اور قرضوں کے اس " شیطانی چکر " سے باہر نکلنے کے لیے کیا روڈ میپ ہے؟

☆☆☆☆☆☆

کیا تنویر الیاس دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجری بن سکتے ہیں؟

جب اللہ تعالیٰ کسی سے کام لینا چاہے تو وہ کسی عام شخص کو بڑے عہدے پر بیٹھا سکتا ہے۔ چونکہ وہی ہے جو عزت بھی دیتا ہے اور ذلت بھی دیتا ہے۔ تنویر الیاس وزیر اعظم آزاد کشمیر نے 31 سال بعد بلدیاتی الیکشن کروا کر وہ کام کر دیکھایا جو حکومت آزاد کشمیر کا کوئی بھی وزیر اعظم نہ کروا سکا۔ ویسے بلدیاتی الیکشن اور سٹوڈنٹس یونین پر پابندی بہت بڑا ظلم اور زیادتی ہے۔ چونکہ دنیا میں یہ بنیادی پلر ہی تربیت حاصل کرتے ہیں اور ملکوں کی قیادت سنبھالتے ہیں۔ میں اس وقت خاص طور پر دو اشخاص کی مثال دیتا ہوں۔ ایک جو بائیڈن اور دوسرا طیب اردگان۔ دونوں میونسپل کارپوریشن کے کونسلر بنے اور پھر آہستہ آہستہ اپنے اپنے ملکوں کے اعلیٰ منصب تک پہنچ گئے۔ میں آج اپنے کالم کا رخ دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجری وال کی کوششوں کی طرف کروں گا تا کہ اندازہ ہو سکے کہ اگر انسان انسانی فلاح و بہبود کی طرف کچھ کرنا چاہے تو سب کچھ آسانی سے ممکن ہوسکتا ہے۔

عام آدمی پارٹی کے بنی اروند کیجری وال نے اب تک ایک حقیقی نمائندے کا ثبوت دیا ہے۔ اپنے بچے بھی انہی سرکاری سکولوں میں داخل کروائے ہیں جہاں غریبوں کے بچے پڑھتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ دہلی کے بچے سرکاری سکولوں میں مزدوروں و محنت کشوں کے بچوں کے ساتھ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس طرح کے اقدام وہی عوام دوست اور دلیر حکمران کر سکتے ہیں جن کا جینا مرنا اپنے وطن میں ہو۔ نواز شریف اور زرداری کی طرح نہیں جن کی دولت اثاثے اور جائیدادیں بیرون ممالک میں ہوں۔ مہنگائی کے اس دور میں شائد یہ ہوائی باتیں لگیں مگر یہ حقیقت ہے۔ انکی بھارتی پنجاب کی حکومت بھی ان کے اعلیٰ اقدامات کو اپنانے کی کوشش کر رہی ہے۔

وزیر اعلیٰ دہلی کیجری وال کی حکومت 300 یونٹ بجلی استعمال کرنے والوں کو بجلی مفت فراہم کر رہی ہے۔ جس سے گیارہ لاکھ گھرانے مستفید ہو رہے ہیں۔ اس عمدہ منصوبے کے خالق (عاپ) عام آدمی پارٹی کے بنی اروند کیجری وال ہیں۔ کیجری وال دہلی حکومت کے سرکاری افسر تھے جب انہوں نے سرکاری محکموں میں رشوت ستانی کا بازار گرم دیکھا تو انہوں نے اپنی ملازمت متنفر ہوئے اور سرکاری ملازمت کو خیر باد کہا اور میدان سیاست میں داخل ہو گئے۔ کیجری وال 2015ء سے وزیر اعلیٰ دہلی چلے آرہے ہیں انہوں نے عوام کی فلاح و بہبود کے کئی منصوبے شروع کیے۔ انہی میں سے ایک منصوبہ یہ تھا کہ 200 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے دہلی کو بجلی مفت دیان شروع کیا۔ کیجری وال حکومت گزشتہ پانچ سالوں سے 200 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کو بجلی مفت دے رہی ہے۔ ان پر کسی قسم کا ٹیکس حتیٰ کہ میٹر کا کرایہ بھی نہیں لیا جا رہا ہے۔ ان کے اس اقدام پر دہلی والے بہت خوش ہیں وہ گرمیوں میں بغیر کسی بجلی کے خوف سے گرمیوں میں پنکھا چلاتے ہیں اور کیجری وال کو دعائیں دیتے ہیں۔ یہ ہی نہیں بلکہ 400 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے بھی نصف بل ادا کرتے ہیں۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ عوام دوست لیڈر کیسے بنا جا سکتا ہے۔ وزیر اعظم تنویر الیاس کو بھی توجہ دینی چاہیے۔

تعلیمی میدان میں بھی حکومتی سکولوں میں جدید ترسہولتیں مہیا کی ہیں ان سکولوں کو پرائیوٹ مہنگے ترین سکولوں کے ہم پلہ بنا دیا ہے۔ اس طرح ایک غیرب کا بچہ بھی اعلیٰ ترین تعلیم حاصل کر سکتا ہے اور سب سے بڑی بات کہ پرائیوٹ اور سرکاری سکولوں میں ایک ہی سلیبس پڑھایا جاتا ہے۔ وزیر اعظم تنویر الیاس بھی ایک سلیبس کی آزاد کشمیر میں پابندی لگا سکتے ہیں اور پھر ہر پرائیوٹ سکول کی ایک فیس اور اساتذہ کو برابر تنخواہ کی شرط لگا سکتے ہیں اور یہ ٹائی اور کوٹ جن کی ایجاد ہے وہاں تو بچوں کے لیے اس طرح کی پابندی نہیں۔ بچے موسمی حالات کے مطابق کپڑے پہنتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ کیجری وال نے غیرب طلبہ و طالبات کے لئے بلا سود قرضوں کا اجراء کیا تا کہ مالی مسائل ان کی تعلیم میں رکاوٹ نہ بن سکیں۔ اس سکیم کے تحت کوئی بھی بچہ دس لاکھ روپے تک کا قرضہ لے سکتا ہے۔

صحت کے میدان میں انہوں نے حکومت سنبھالتے ہی شہریوں کے لیے پانچ سو سے زائد محلہ کلینک قائم کئے۔ اس میں ہر شہری کے لیے تشخیص و علاج ادویات اور دو سو سے زائد ٹیسٹوں کی مفت سہولتیں مہیا کی ہیں۔ پھر شہر میں تین نئے ہسپتال قائم کئے اور پرانے ہسپتالوں کو مزید اپ گریڈ کیا۔ ان ہسپتالوں میں غریب لوگوں کا ہر طرح کا علاج مفت ہوتا ہے۔ اسی طرح ہسپتالوں میں بستروں کا اضافہ کیا اور ایمبولینسوں کی تعداد بڑھائی۔ اب ان کا عزم ہے کہ ہر ایک کلومیٹر پر کلینک کھل جائے۔ اب ہر شہری کو آسانی سے میڈیکل کی سہولت مل سکے۔ ان کی ایک سکیم کے تحت ہر طرح کی سرجری بھی مفت ہوتی ہے۔

انہوں نے حکومت بناتے ہی بوڑھوں اور معذوروں کی پنشن میں خاطر خواہ اضافہ کیا۔ غریبوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے لیے بلا سود قرضے دیئے۔ عوام کو مفت پانی دینے کا منصوبہ بنایا ہر شہری کو ایک ماہ میں 20 ہزار لیٹر پانی مفت ملتا ہے۔

خواتین کے لیے انوکھی سکیم شروع کی گئی۔ خواتین دہلی بھی میں بسوں میں مفت سفر کر سکتی ہیں۔ ایک منصوبہ ضعیف خواتین کے لیے بنایا گیا ہے اگر کسی نے مذہبی مقامات پر جانا ہوتو اس کے لیے اخراجات دہلی حکومت برداشت کرتی ہے۔ اس کے علاوہ کیجری وال نے غریب لوگوں کے لیے ایک لاکھ مکان تعمیر کر چکے ہیں۔ اللہ کرے کے آزاد کشمیر میں بھی اور پاکستان میں بھی ایسا کوئی لیڈر آئے تو جو مخلص اور دیانتدار ہو جو اس طرح کے اقدامات کر سکے۔ ان سب باتوں پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیجری وال نے یہ سب کچھ کیسے کر دیا۔ اس نے جو اہم اقدامات کئے سب سے پہلے جو افسر یا کارندہ رشوت خوری کر رہا تھا اس کو فوری ملازمت سے نکالا۔ جو پاکستان کا سابق وزیر اعظم عمران خان نہ کر سکا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جو رقم حکومتی کارندوں کی جیبوں میں جاتی تھی وہ حکومت کے خزانہ میں آنی شروع ہوگئی۔ دہلی حکومت نے شہریوں کو ایک فون نمبر فراہم کیا ہے اس پر کوئی بھی شخص کسی بھی سرکاری افسر کے خلاف شکایت درج کروا سکتا ہے۔

اب پاکستان میں کیا ہو رہا ہے بجلی مہنگی سے مہنگی تر کر کے سب کی چمڑی ادھیڑ کر رکھ دی ہے۔ پاکستان کا قیام اس لیے عمل میں آیا تھا کہ مسلمانان ہند کو ہندوؤں سے آزاد کرایا جائے تا کہ مسلمانوں کی اکثریت ہندوؤں کی گرفت سے نکل کر مذہبی اور سیاسی آزادی تو مل جائے۔ پاکستانی عوام کو مذہبی آزادی تو ملی مگر باقی آزادیاں نہ مل سکیں۔ ان مفاد پرستوں کے لیے انگریز اور پھر ہندو بنتے تھے اور اب امپورٹیڈ سامنے آگئے جو انگریزوں ہی نہیں بلکہ امریکہ کے آقاؤں کے اشاروں پر چلتے ہیں۔ تا کہ ان کو ڈالروں کی فراہمی جاری رہے۔ ایف بی آر ٹیکسوں کے ذریعے جو رقم حاصل کرتا ہے اس کا 90 فیصد رقم حکمران طبقہ اپنے اوپر خرچ کرتا ہے یوں عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی خاطر حکومت پاس کچھ بچتا ہی نہیں۔ یہ بڑا خوفناک مذاق ہے جو حکمران طبقہ عوام کے ساتھ کر رہا ہے۔ مگر اگر عوام اٹھ گئی جس کا مکان کم ہے تو حکمرانوں کے لیے لندن بھاگنے کے سوائے کوئی چارہ کار نہیں ہوگیا۔ آج پوری دنیا کی حکومتیں جان چکیں ہیں کہ اگلے 30-35 سال میں تیل ختم ہونے والا ہے بجلی مستقبل کا ایندھن ہے اس لیے وہ قابل تجدید ذرائع سے بجلی بنانے کے منصوبے بنا رہی ہے۔ ہمارا پڑوسی بھارت کو ہی لے لیا جائے وہ ایک لاکھ 60 ہزار میگاواٹ بجلی پانی دھوپ اور ہوا سے بنا رہا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان کا رقبہ بھی کم ہے آبادی بھی ہندوستان کے مقابلے میں کم ہے۔ مگر ماہرین کے مطابق قابل تجدید ذرائع سے کم از کم پچاس ہزار میگا واٹ بجلی بنا سکتا ہے مگر ہمارے حکمرانوں نے اس طرح توجہ ہی نہیں دی۔ کیونکہ حکمران طبقے کی اکثریت اپنی تمام املاک بیرون ملک لے جاچکے ہیں ان کو پاکستان سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ جب تک پاکستان قائم ہے کمیشن لے کر اپنی بجلی 60 سے 70 فیصد بجلی مہنگے ایندھن سے بنا رہے ہیں اور اسی وجہ سے پاکستان میں بجلی مہنگی ہے اور جس نے پاکستانی عوام میں ہل چل رکھی ہے۔ پاکستان میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ جو لوگ حکومت میں آتے ہیں اپوزیشن اس کے خلاف محاذ بنا لیتی ہے اور اسے کام نہیں کرنے دیتی۔ چونکہ وزیر اعظم سے لے کر تمام وزراء تک سب ہی کی توانائیاں اپنی کرسیاں بچانے میں مصروف ہو جاتی ہیں وہ عوام پر توانائیاں کیا خرچ کریں گے۔ سیاسی جماعتوں کی ان باہمی لڑائیوں نے بھی پاکستان کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ 30 سے 40 سال پہلے ہمارا حکمران طبقہ مان گیا تھا کہ تھر میں کوئلے کی وسیع ذخائر موجود ہیں۔ مگر یہ کوئلہ نکالنے کے لیے نہ کوئی ٹیکنالوجی حاصل کی گئی نہ کسی قسم کا کوئی انفراسٹرکچر کھڑا کیا گیا حالانکہ 1984ء میں قوم پر لوڈشیڈنگ کا عذاب نازل ہونا شروع ہو گیا تھا۔ حکمران طبقہ دوراندیش اور قابل ہوتا تو اسی وقت کوئلہ نکالنے کی کوشش کر دیتا۔ آج بھی صرف 650 میگاواٹ بجلی تھر کے کوئلے سے بن رہی ہے۔ حکومت نے چند مہینے میں یہ عدد 2 ہزار میگاواٹ تک پہنچنے کی نوید سنائی ہے جو جھوٹ کے سوائے کچھ نہیں مگر یہ اب بھی کم ہے۔ اگر پاکستان میں کوئی مخلص حکمران کی حکومت ہوتو اپنی ساری مطلوبہ بجلی تھر کے کوئلے سے بنا سکتی ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ یہ کوئلہ اگلے چار سو برسوں تک 50 ہزار سے 1 لاکھ میگاواٹ بجلی بنا سکتا ہے۔ پھر بھی حکمرانوں کی توجہ انتہائی مہنگے درآمدی تیل اور گیس پر مرکوز ہے۔ چونکہ وہ وہاں سے کمیشن کھاتے ہیں۔ ڈیموں میں بنی بجلی کے بعد کوئلہ سے بننے والی بجلی ہی سستی پڑتی ہے۔ اس کا فی یونٹ گیارہ بارہ روپے میں پڑتا ہے جب کہ تیل اور گیس سے یہ بجلی 30 سے 35 روپے فی یونٹ پڑتی ہے عوام میں اگر پاکستان میں رہ کر جینا ہے تو پھر ان حکمرانوں کے نیچے سے یہ کرسیاں اٹھانا ہوں گی اور کسی مسیحا کے لیے دعا کرنی ہوگی جو آکر اس ملک کو مصائب سے نکالے۔

☆☆☆☆☆

مقبوضہ کشمیر میں مقیم آزاد کشمیر کی 375 خواتین شناخت سے محروم

صومیہ صدف ترقیاتی کونسل کے انتخابات میں حصہ لینے سے روک دیا گیا تھا

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر میں مقیم آزاد کشمیر کی خاتون صومیہ صدف سمیت تقریبا 375 خواتین کو حق رائے دہی سے محروم کر دیا گیا ہے۔ پاکستان اور آزاد کشمیر سے تعلق رکھنے والی یہ خواتین 2010 سے مقبوضہ کشمیر میں مقیم ہیں بھارتی حکومت نے انہیں شناخت سے محروم کر رکھا ہے۔ پیر کے روز شمالی کشمیر میں ضلع ترقیاتی کونسل (DDC) کے ضمنی انتخابات ہوئے۔ صومیہ صدف اور شازیہ اسلم کو ووٹ دالنے سے بھی روک دیا گیا۔ بھارتی اخبار دی ہندو کے مطابق صومیہ صدف نے دو سال قبل شمالی کشمیر کے ضلع کپواڑہ میں ضلعی ترقیاتی کونسل (DDC) کے انتخابات میں حصہ لیا تھا تاہم اسے انتخابات میں حصہ لینے سے روک دیا گیا تھا کیوں کہ اسے جموں و کشمیر کی شہریت سے محروم رکھا گیا ہے۔ صومیہ صدف نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ اگر آزاد کشمیر بھارت کا حصہ ہے تو میری شہریت کے ساتھ کیا مسئلہ ہوسکتا ہے، میں 2010 سے کپواڑہ میں رہتی ہیں۔ میرا نام انتخابی فہرستوں سے حذف کر دیا گیا۔

معیشت کو سنبھالنے کیلئے مشکل فیصلے کرنے ہوں گے، شاہد خاقان

موجودہ معاشی خرابی کے پیچھے نیب بہت عمل دخل ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک کی معیشت کو سنبھالنے کے لئے مشکل فیصلے کیے اور آگے بھی مشکل فیصلے کرنے ہوں گے، ملک کی بقاء کے لیے نیب کو ختم ہونا چاہیے، ہمارا مجرم سابق چیئرمین ہے، ہمیں اس سے حساب لینا ہے، جتنا نقصان جاوید اقبال اور نیب نے اس ملک کو پہنچایا کسی اور نے نہیں پہنچایا۔ اسلام آباد کی احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ موجودہ معاشی خرابی کے پیچھے نیب بہت عمل دخل ہے، نیب کے قوانین کی وجہ سے سرمایہ کار خوفزدہ ہیں۔ احتساب کا نام نہاد سلسلہ چل رہا ہے اور یہ سلسلہ صرف سیاستدانوں کو بدنام کرنے کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کئی بار کہہ چکا ہوں کہ ملک کی بقاء کے لیے نیب کے ادارے کو ختم ہونا چاہیے، کئی سال سے یہاں آرہا ہوں اور 70 پیشیاں بھگت چکا ہوں۔ سابق وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ نیب نے ہم پر کرپشن کا کوئی الزام نہیں لگایا ہے، ہمارا اخباروں میں نام آتا ہے لیکن کیس میں کچھ نہیں، اگر میرے خلاف مقدمے میں کچھ ہوتا تو 3 ماہ میں فیصلہ ہو جانا چاہیے تھا۔ ہمارا مجرم نیب کا چیئرمین ہے، ہمیں اس سے حساب لینا ہے، آج کل اعتراف کا زمانہ ہے، جسٹس (ر) جاوید اقبال بھی اس کا اعتراف کرلیں، جتنا نقصان جاوید اقبال اور نیب نے اس ملک کو پہنچایا کسی اور نے نہیں پہنچایا۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نواز شریف کو سپریم کورٹ نے نااہل کیا اور سیاست سے باہر کیا ہے، وہ علاج کرانے گئے ہیں اور علاج کروا کر آئیں گے۔ سابق وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ حکومت نے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا ہے اور ملکی معیشت کو سنبھالنے کی کوشش کی ہے، ہم نے مشکل حالات میں مشکل فیصلے کیے، ہمیں آگے بھی مشکل فیصلے کرنے ہوں گے۔

شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کا آپریشن، 5 دہشت گرد ہلاک، ایک جوان شہید

راولپنڈی (صباح نیوز) شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کا دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاعات پر آپریشن، سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے شدید تبادلے میں 5 دہشت گرد مارے گئے، جنوبی وزیرستان کا 25 سالہ سپاہی ناصر خان بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے جھلر الگاڈ میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات پر آپریشن کیا، سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے دوران سیکورٹی اہلکاروں نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، فائرنگ کے تبادلے میں 5 دہشت گرد مارے گئے، جبکہ ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا۔

توہین الیکشن کمیشن، اسد عمر نے تحریری جواب جمع کرا دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) توہین الیکشن کمیشن کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل اسد عمر نے سپریم کورٹ آف پاکستان میں تحریری جواب جمع کرا دیا۔ پیر کو سپریم کورٹ آف پاکستان میں عمران خان، اسد عمر، فواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس میں اسد عمر نے تحریری جواب جمع کراتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کا شوکاز نوٹس غیر قانونی، غیر آئینی ہے، آرٹیکل 204 اعلی عدلیہ کو توہین عدالت کی کارروائی کا اختیار دیتا ہے۔ تحریک انصاف کے مرکزی رہنما نے کہا کہ الیکشن کمیشن عدالت نہیں اور آرٹیکل 204 کے تحت توہین عدالت کا اختیار استعمال نہیں کرسکتا، الیکشن ایکٹ کا سیکشن 10 آئین سے متصادم ہے۔ اسد عمر نے استدعا کی کہ الیکشن ایکٹ کا سیکشن 10 غیر آئینی قرار دیا جائے اور الیکشن کمیشن کی اپیل مسترد کی جائے

تلاش گمشدہ

میری میٹرک کی سند رول نمبر 101883 سال 2001ء امتحان سالانہ میرپور بورڈ اور انٹرمیڈیٹ کی سند رول نمبر 600171 سال 2006ء امتحان سالانہ تعلیمی بورڈ میرپور دوران سفر کہیں گم ہوگئی ہیں۔ جس کسی کو ملیں مندرجہ ذیل پتہ پر پہنچا دیں۔
عروج اختر دختر اختر حسین سکنہ چھڑ تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر۔

بلدیاتی انتخابات 2022ء۔ پونچھ ڈویژن کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

کل نشستیں	پی ٹی آئی	ن لیگ	پی پی پی	جے کے پی پی	مسلم کانفرنس	آزاد	جے یو آئی	جماعت اسلامی
88	33	23	12	5	05	06	01	01

بلدیاتی انتخابات 2022ء۔ ضلع پونچھ کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

کل نشستیں	پی ٹی آئی	ن لیگ	پی پی پی	جے کے پی پی	مسلم کانفرنس	آزاد	جے یو آئی	جماعت اسلامی
29	07	10	06	05	00	01	00	00

بلدیاتی انتخابات 2022ء۔ ضلع سدھنوتی کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

کل نشستیں	پی ٹی آئی	ن لیگ	پی پی پی	جے کے پی پی	مسلم کانفرنس	آزاد	جے یو آئی	جماعت اسلامی
19	11	04	00	00	00	02	01	00

☆ ایک نشست کے نتائج روک دیے گئے ہیں

بلدیاتی انتخابات 2022ء۔ ضلع حویلی کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

کل نشستیں	پی ٹی آئی	ن لیگ	پی پی پی	جے کے پی پی	مسلم کانفرنس	آزاد	جے یو آئی	جماعت اسلامی
12	01	07	03	00	00	00	00	00

بلدیاتی انتخابات 2022ء۔ ضلع باغ کی یونین کونسلوں میں پارٹی پوزیشن

کل نشستیں	پی ٹی آئی	ن لیگ	پی پی پی	جے کے پی پی	مسلم کانفرنس	آزاد	جے یو آئی	جماعت اسلامی
28	14	02	03	00	05	03	00	01

یہ نتائج قارئین کی دلچسپی کیلئے ضلعی انتظامیہ اور الیکشن کمیشن سے حاصل کردہ تفصیلات کے مطابق شائع کئے جا رہے ہیں تاہم اس میں ادارہ کسی طرح کی غلطی کا ذمہ دار نہ ہوگا

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کی تین ترجیحات .... تحریک آزادی کشمیر ..... گڈ گورننس ..... تعمیر و ترقی

از دفتر ناظم تعمیرات عامہ شاہرات سرکل پونچھ راولاکوٹ

درخواستیں مطلوب ہیں۔

آزاد کشمیر ضلع حویلی کے رہائشی باشندگان ریاست جموں و کشمیر سے بذیل خالی آسامی کے خلاف تقرری کے لیے منظور شدہ قواعد کے مطابق امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواستیں مورخہ 22-12-2022 تک دفتری اوقات کار کے دوران دفتر ایگزیکٹو انجینئر تعمیرات عامہ شاہرات ڈویژن حویلی میں وصول کی جائیں گی۔

نمبر شمار	نام آسامی	ڈویژن جس میں آسامی خالی ہے	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت	کوٹہ
01	روڈ انسپکٹر بی۔06	شاہرات ڈویژن حویلی	01	خواندہ (میٹرک پاس)	ضلع حویلی

۱۔ آمدہ درخواست گزار امیدواران سے مورخہ 28-12-2022 بوقت 11:00 بجے دن دفتر ایگزیکٹو انجینئر تعمیرات عامہ شاہرات ڈویژن حویلی میں ٹیسٹ انٹرویو لیا جائے گا۔ جملہ کوائف اصل دوران انٹرویو پیش کرنے ہوں گے۔

۲۔ تاریخ مقررہ کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

۳۔ امیدواران کی عمر 18 سال تا 40 سال ہونی چاہیے۔

۴۔ آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔

سپرنٹنڈنگ انجینئر تعمیرات عامہ،
شاہرات سرکل پونچھ راولاکوٹ

AK-184-N/12/22
www.pidajk.gok.pk

بلدیاتی الیکشن، نتائج میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ

(یہ غیر حتمی نتائج سرکاری اعداد و شمار کی بنیاد پر ترتیب دیئے گے ہیں، کسی بھی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں ہوگا)

وارڈ نمبر	نام وارڈ	کامیاب امیدوار	ووٹ	جماعت	نام رنراپ	ووٹ	جماعت	کامیاب جماعت
1	راولاکوٹ	طارق اسلم	676	جے کے پی پی	ظفر محمود اشرف	611	پی پی پی	جے کے پی پی
2	گلیات چوکی	عبدالنعیم خان	497	جے کے پی پی	عدنان اشرف	403	پی پی پی	جے کے پی پی
3	اپر پڑاٹ	شوکت حسین	355	آزاد	محمد شریف خان	222	جے کے پی پی	آزاد
4	کہنہ پڑاٹ	عرفان ظریف	294	پی پی پی	کاشف خالق	276	مسلم لیگ ن	پی پی پی
5	لوئر تیال میرہ	حماد صدیق	410	آزاد	عابد سعید	سرکاری گنتی درست نہیں	جے کے پی پی	آزاد
6	اپر تیال میرہ	سردار اورنگزیب	478	پی ٹی آئی	محمد نثار	472	جے کے پی پی	پی ٹی آئی
7	تراڑ	عامر رفیق	486	پی ٹی آئی	منیب صادق	316	جے کے پی پی	پی ٹی آئی
8	تراڑ ترنی	آصف نسیم	618	جے کے پی پی	عاقب صابر	370	پی پی پی	جے کے پی پی
9	کھڑک کاتھوں	وحید اشرف	354	مسلم لیگ ن	مقصود حسین	251	جے کے پی پی	مسلم لیگ ن
10	بھناکھہ	راشد افراز	316	آزاد	عرفان اشتیاق	308	پی ٹی آئی	آزاد
11	کھوڑا	محمد اظہر خان	434	مسلم لیگ ن	محمد نسیم اقبال	286	پی ٹی آئی	مسلم لیگ ن
12	بڈالی	محمد نیئر اشرف	338	مسلم لیگ ن	عزیر علی خان	315	پی ٹی آئی	مسلم لیگ ن
13	کھڑابٹ	محمد شاہد خان	335	جے کے پی پی	محمد ظفر خان	سرکاری گنتی درست نہیں	مسلم لیگ ن	جے کے پی پی
14	کس بازار	مظہر حسین	423	آزاد	افتخار خان	247	جے کے پی پی	آزاد
15	دہمنی	سردار وحید حسین	397	پی پی پی	محمد فیضان	395	آزاد	پی پی پی
16	چک	عامر خورشید	404	پی پی پی	ساجد حسین	286	آزاد	پی پی پی
17	برمنگ کلاں	قاضی نثار	485	آزاد	مشتاق صدیقی	283	آزاد	آزاد
18	بھیکھ	فاروق حیات	363	جے کے پی پی	تنزیب عبدالحمید	226	آزاد	جے کے پی پی
19	چھپانید ھار بیگالہ	آفتاب عارف	350	جے کے پی پی	ارشد محمود	272	پی ٹی آئی	جے کے پی پی
20	چھڑ	ثاقب سلیم	297	پی ٹی آئی	عرفان شوکت	294	پی پی پی	پی ٹی آئی
21	دریک ڈھوک	سجاد حسین	360	جے کے پی پی	راشد محمود	215	جماعت اسلامی	جے کے پی پی
22	دریک عیدگاہ	نوشین کنول ایڈووکیٹ	400	پی پی پی	مسعود خان	285	مسلم لیگ ن	پی پی پی

1

2

3

4

5

6

7

8

9

10

11

12

13

14

15

16

17

18

19

20

21

22

23

24

25

26

27

28

29

30

31

32

33

34

35

36

37

38

39

40

41

42

43

44

45

46

47

48

49

50

51

52

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر....شہر....قریہ....قریہ....کی خبریں

بلدیاتی الیکشن میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ

نومنتخب کونسلر
میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ وارڈ3اپرپڑاٹ
شوکت حسین خان
کوبھرپور کامیابی پردلی مبارکباد پیش کرتے ہیں اوراس توقع کااظہار کرتے ہیں کہ وہ عوامی خواہشات پر بھرپور انداز سے پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔
منجانب:
راجہ مشفق فیاض
فریشکو بیکرز اینڈ سویٹس
سپلائی بازار راولاکوٹ

مظفرآباد،قبرستانوں کا معاملہ سنگین ہوتا جارہا ہے،خواجہ فاروق

اپرچھتر میں ترقیاتی ادارہ جلدٹینڈرزلگائے گا،میت گاڑی بھی خریدی گئی ہے

مظفرآباد(صباح نیوز)آزادکشمیر حکومت کے سینئر وزیروزیربلدیات خواجہ فاروق احمد نے یونیورسٹی کالج گراؤنڈ میں شہر کے دونوں اہم منصوبہ جات کرسیوں کی تنصیب،(بقیہ 01صفحہ 03پر)

ڈاکٹرفاروق عبداللہ بلامقابلہ نیشنل کانفرنس کے دوبارہ صدرمنتخب

سری نگر(کے پی آئی) بھارتی پارلیمنٹ کے رکن اور مقبوضہ کشمیر کے سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ بلا مقابلہ نیشنل (بقیہ 02صفحہ 03پر)

ڈسٹرکٹ کونسلر نمبردار نذیر کی کامیابی کے بعد غازی ملت خالدابراہیم کے مزار پرحاضری

یونین کونسل ہورنہ میرہ کے عوام نے بلدیاتی انتخابات میں ثابت کردیا کہ وہ سردار خالدابراہیم خان کے سپاہی ہیں

ہورنہ میرہ جموں وکشمیر پیپلزپارٹی کا گڑھ،عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انہیں کبھی مایوس نہیں کریں گے،نمبردار نذیرخان

راولاکوٹ(دھرتی نیوز) جموں وکشمیر پیپلزپارٹی حلقہ نمبر پانچ پونچھ کے صدر و نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ نمبردار نذیر خان نے ہمراہ کارکنان جیت کے بعد ریلی کی شکل سردار خالد ابراہیم خان،وسردارابراہیم خان کے مزار پرحاضری،اس موقع پر کارکنان کی ایک کثیر تعداد بھی موجودتھی،اس موقع پر انہوں نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یونین کونسل ہورنہ میرہ کے عوام نے بلدیاتی انتخابات میں ثابت کردیا کہ وہ سردار خالد ابراہیم خان کے سپاہی ہیں،اور یونین کونسل ہورنہ میرہ جموں وکشمیر پیپلزپارٹی کا گڑھ ہے،عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انہیں کبھی مایوس نہیں کریں (بقیہ 03صفحہ 03پر)

چناری،شاہد سید محمد غازی کے عرس کی تقریبات اختتام پذیر

آزادکشمیرسمیت پاکستان بھر سے زائرین کی بھرپورشرکت،لنگر کی بھی تقسیم

چناری(خصوصی رپورٹر)عظیم روحانی شخصیت حضورقبلہ عالم پیرطریقت رہبرشریعت شاہ سیدمحمد غازی المعروف شاہ بادشاہ سرکار کا سالانہ عرس مبارک اختتام پذیر ہوگیا عرس کی جملہ (بقیہ 04صفحہ 03پر)

طارق خان ایڈووکیٹ کوبھرپور مقابلہ کرنے پرنعیم خان کی مبارکباد

راولاکوٹ(دھرتی نیوز) چھوٹا گلہ سے تعلق رکھنے والے سیاسی (بقیہ 05صفحہ 03پر)

جیت ہار اہم نہیں بوسیدہ اور بدبودار رویا کا خاتمہ اصل مشن و مقصد ہے،سردار سیاب شریف

لوگ سمجھتے ہیں میں ہار گیا مگر میں سمجھتا ہوں میں ہارا نہیں بلکہ بڑی کامیابی حاصل کی جس سے میرے حوصلے مزید بلند ہوئے

جن لوگوں نے اعتماد کا کیا ان کا شکرگزار، ہروقت انکے شانہ بشانہ رہوں گا،جنہوں نے اعتماد نہیں کیا وہ بھی میرے لئے قابل قدر ہیں

ہورنہ میرہ(دھرتی نیوز) سابق امیدوار برائے لوکل کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ سردار سیاب شریف نے اپنے ایک خصوصی پیغام میں یونین کونسل بھر کے ان تمام لوگوں کا دل سے شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے ان پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ووٹ دیا۔اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ میں ان لوگوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے ووٹ نہیں دیا اور شاید مجھے اس قابل نہیں سمجھا کہ میں ان کے ووٹ کا حقدار ٹھہروں مگر میں آئندہ بھی اس (بقیہ 06صفحہ 03پر)

یوسی ہورنہ میرہ سے JKPP کی کامیابی پر مبارکباد

عوام کے اعتماد اور ان کے ووٹ کی ہمیشہ سے ہی قدر کرتے ہیں

تمام مسائل لوگوں کی دہلیز پرحل کرنے کی بھرپورکوشش کرینگے،اسفند جاوید

ہورنہ میرہ(دھرتی نیوز) جموں کشمیر پیپلزپارٹی ہورنہ میرہ کے نوجوان رہنما اسفند جاوید نے کہاہیکہ جموں کشمیر پیپلزپارٹی کی ہورنہ میرہ یونین کونسل سے تاریخی جیت سے ایک نئی تاریخ رقم ہوئی ہے۔انہوں نے کہاکہ یہ کامیابی اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ جموں کشمیر پیپلزپارٹی کو لوگ آج بھی ویسے ہی چاہتے ہیں جیسے سردار محمد ابراہیم خان اور سردار خالدابراہیم خان مرحوم کی زندگی میں لوگوں کی ان سے وابستگی تھی۔انہوں نے کہاکہ ان تمام لوگوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہیں(بقیہ 21صفحہ 03پر)

جہلم ویلی کے ایک مشہور مقدمہ منشیات کا فیصلہ، مجرم کوسزا

مجرم کو4سال 6ماہ بطور قید بامشقت اور20ہزارروپے جرمانہ کی سزاسنائی گئی

مظفرآباد(صباح نیوز) جہلم ویلی میں منشیات کے مقدمے میں مجرم کو4سال 6ماہ بطور قید بامشقت اور20ہزارروپے جرمانہ کی سزاسنادی گئی۔راجہ اطہر علی خان سیشن جج/بااختیار جج انٹی نارکوٹکس کورٹ جہلم ویلی، نے مقدمہ عنوانی سرکار بنام محمد بشیر عرف کنگ وغیرہ کا فیصلہ سنا دیا۔ملزم محمد بشیر عرف کنگ ولدعنایت اللہ خان قوم ٹھکیال ساکنہ ناگنی کیسر کوٹ تحصیل چکار ضلع جہلم ویلی کو(بقیہ 20صفحہ 03پر)

محترمہ فریدہ بہن جی کا کشمیری رہنماء کی برسی پرخراج عقیدت

فاروق احمد کے مشن اورمنزل کے حصول تک جاری رہے گا،فریدہ بہن جی

سری نگر(کے پی آئی)جموں وکشمیرماس موومنٹ کی چیرپرسن اورکل جماعتی حریت کانفرنس کی سینئررہنماء محترمہ فریدہ بہن جی نے تحریک آزادی کشمیر اور جموں وکشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے سینئر رہنما انجینئر فاروق احمد خان کوان کی پہلی برسی پرشاندارالفاظ میں خراج عقیدت (بقیہ 19صفحہ 03پر)

بنگوئیں سے پی ٹی آئی کے نامزد امیدوار کی کامیابی

یونین کونسل سے بھرپور فتح حاصل کرنے پر جشن، مٹھائیاں بھی تقسیم

راولاکوٹ(دھرتی نیوز)وزیراعظم آزادکشمیر کی آبائی یونین کونسل بنگوئیں میں پاکستان تحریک انصاف کے نامزد امیدوار عبدالستار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگئے،ان کے مدمقابل آزادامیدوار شہریز خان ایڈووکیٹ اور جموں وکشمیر پیپلزپارٹی کے امیدوار اویس لیاقت تھے،بھاری اکثریت سے کامیابی کے بعد بنگوئیں کے مقام پرجشن منایا گیا،جہاں پارٹی کارکنان کا جم غفیر امڈ آیا،(بقیہ 18صفحہ 03پر)

آزادی کیلئے ریاست گیر تحریک ناگزیر ہے' کشمیری رہنما

ڈیموکریٹک حریت فرنٹ کے چیئرمین کے اعزاز میں تقریب سے

مظفرآباد(صباح نیوز) ڈیموکریٹک حریت فرنٹ کے چیئرمین چوہدری شاہین اقبال کے اعزاز میں تقریب میں کشمیری رہنماؤں نے مقبوضہ کشمیر کی آزادی اورعوامی بقاء کیلئے ریاست گیر مزاحمتی تحریک کو ناگزیر قرار دیا ہے۔کشمیری عوام عالمی برادری سے استصواب رائے کا مطالبہ کررہے ہیں۔ مقبوضہ جموں کشمیر سے حال ہی میں بیس کیمپ تشریف لائے ڈیموکریٹک حریت (بقیہ 17صفحہ 03پر)

حویلی:۔ممتازآبادغازی نگرنائب صوبیدار قاسم راٹھور شہید کی نماز جنازہ کے مناظر۔

بلدیاتی انتخابات میں اربوں روپے سے ووٹ خرید کر منظم دھاندلی کی گئی،سردار قمر الزمان

وزیراعظم آزادکشمیر دھندلی میں براہ راست ملوث،وزیراعظم نے آزادکشمیر کی انتظامیہ کو بھی طوائف بنا رکھا ہے

میں نے کہا تھا کہ یہ انتخابات فوج کی نگرانی میں ہونے چاہئے لیکن میری بات کسی نے نہیں سنی،شدید تشویش کا بھی اظہار

باغ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابق سنیئر وزیر سردار قمرالزمان خان نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں منظم دھندلی کی گئی اربوں روپے صرف ووٹ خریدنے کیلئے دیئے گئے وزیراعظم آزادکشمیران دھندلی میں براہ راست ملوث ہیں وزیراعظم نے آزادکشمیر کی انتظامیہ کو طوائف بنار کھا ہے DROباغ نے اس دھندلی میں براہ راست ملوث ہیں اپوزیشن کو ہوش کے ناخن لینا چاہئے اور بریف کیس لینے کے بجائے غیرت کا مظاہرہ کریں۔میں نے کہا تھا کہ یہ انتخابات فوج کی نگرانی میں ہونے چاہئے لیکن میری بات کسی نے نہیں سنی۔چیف جسٹس ہائی کورٹ اور چیف الیکشن کمشنر اس دھندلی کا نوٹس (بقیہ 22صفحہ 03پر)

عوام کی انتہائی مشکور اپنی جیت خواتین و نوجوانوں کے نام کرتی ہوں،نوشین ایڈووکیٹ

منفی پروپیگنڈا کو عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے مسترد کرتے ہوئے ثابت کردیا ہے کہ دریک کی عوام باشعور ہے

عیدگاہ، دھن، ڈباں، ناڑیاں، چیروٹی، نیران، نکراں اور چمبہ ناڑ میں جو عزت مجھے دی گئی ہے اسے کبھی نہیں بھولوں گی

راولاکوٹ(دھرتی نیوز) وارڈنمبر22عیدگاہ، دریک سے نومنتخب ممبر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ ایڈووکیٹ نوشین کنول نے کہا ہے کہ عوام علاقہ کی انتہائی مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے اتنی عزت واحترام دیا اور مجھ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔میڈیا کو جاری کردہ بیان میں ان کا کہنا تھا کہ سیاسی مخالفین کی جانب سے ہر طرح کے منفی پروپیگنڈا کو دریک کے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے مسترد کرتے ہوئے ثابت کردیا ہے کہ دریک کی عوام باشعور ہے۔ عیدگاہ، دھن، ڈباں، ناڑیاں، چیروٹی، نیران، نکراں اور چمبہ ناڑ میں (بقیہ 23صفحہ 03پر)

باغ:۔مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماچوہدری اعجاز کٹھانہ،سردار مرادانورایڈووکیٹ ودیگر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔

چناری سات یونین کونسلوں میں لوڈشیڈنگ موبائل فون سروس کی بندش عوام سراپا احتجاج

موبائل کمپنیز کی سروس چوبیس گھنٹے بلاتعطل فراہم نہ کیے جانے پر عوام نے سات دسمبر کے روز احتجاج کا اعلان

فوری طور پر ہمارے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے توسات دسمبر کے روز چناری میں سخت ترین احتجاج کریں گے،اہل علاقہ

چناری(خصوصی رپورٹر)محکمہ پی ڈی او کی مجرمانہ غفلت کے باعث سات یونین کونسلوں کے مرکز چناری میں ظالمانہ لوڈشیڈنگ اور بجلی کی بندش کے دوران ٹیلی نار، یوفون سمیت دیگر موبائل کمپنیوں کی سروس بند ہونے کے باعث عوام کا پارہ ہائی ہوگیا،عوام شدید مشکلات کا شکار،کاروبار زندگی معطل ہوگیا ظالمانہ لوڈشیڈنگ اور موبائل کمپنیز کی سروس چوبیس گھنٹے بلاتعطل فراہم نہ کیے جانے پرعوام نے سات دسمبر کے روز احتجاج کا اعلان کردیا۔تفصیلات کے مطابق سات یونین کونسلوں کے کاروباری مرکز چناری میں پاور ہاؤس کھتائی نے ظالمانہ لوڈشیڈنگ شروع کررکھی ہے بجلی کی بندش کے ساتھ ساتھ (بقیہ 07صفحہ 03پر)

حکومت کے صدرمملکت کے ذریعے ہونے والے مذاکرات تعطل کا شکار

لاہور(صباح نیوز)حکومت کے صدرمملکت ڈاکٹر عارف علوی (بقیہ 08صفحہ 03پر)

باغ:۔مرکزی رہنمامسلم کانفرنس یوتھ ونگ کامیابی ہونے والے امیدوار کوہار پہنا کر مبارکباد دے رہے ہیں

نوازشریف کوبلالیں انکی سیاسی گاڑی چھوٹ چکی،شیخ رشید

الیکشن میں جتنی دیرکرے گی اپنے لئے سیاسی قبر کھودے گی،ٹویٹ میں تنقید

راولپنڈی(صباح نیوز)عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیرداخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ فیصلوں میں تاخیر حالات کو مزید سنگین بنادے گی، حکومت کا پاؤں معاشی بارودی سرنگوں پر ہے،سیاسی معاشی عدم استحکام کا حل الیکشن ہیں،حکومت الیکشن میں جتنی دیرکرے گی اپنے لئے سیاسی قبر کھودے گی۔ان خیالات کا اظہار شیخ رشید احمد نے سوموار کے روز ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان(بقیہ 09صفحہ 03پر)

ایم ڈی ایس ہسپتال باغ کی فوری اپ گریڈیشن کا مطالبہ

فوجی پنشنرز کی سہولت کیلئے قومی بچت مرکز کی برانچ کھولی جائے، زور

باغ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)ایکس سروس مین سوسائٹی نے اپنا دیرینہ مطالبہ دہراتے ہوئے کہا ہے کہ ایم ڈی ایس ہسپتال کواپ گریڈکر کے سی ایم ایچ کا درجہ دیا جائے، ہزاروں فوجی پنشنرز کی سہولت کیلئے باغ میں قومی بچت مرکز کی برانچ کھولی جائے اور ملٹری پنشنرز کو انشورنس کی ادائیگی کی جائے،ان خیالات کا اظہار ایکس سروس مین سوسائٹی کے ماہانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کیا، اجلاس کی صدارت ضلعی صدر ایکس سروس مین سوسائٹی میجر آزاد نے کی اجلاس سے کیپٹن ر (بقیہ 10صفحہ 03پر)

عوام کے مسائل انکی دہلیز پرحل کرینگے،سیکرٹری زراعت

یہاں کے لوگوں میں خوشحالی کے علاوہ آمدن میں اضافہ کیلئے سرگرم عمل ہیں

مظفرآباد(پی آئی ڈی)وزیراعظم آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر کے ویژن اور وزیرزراعت ولائیو سٹاک سردار میراکبرخان کی ہدایت پرسیکرٹری زراعت لائیوسٹاک اسماء وآبپاشی سردار جاویدایوب نے آزاد کشمیر کی عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے انکی دہلیز پر زراعت ولائیوسٹاک کی سہولیات میسر کرنے کے لیے آزاد کشمیر کے چھوٹے بڑے علاقہ جات میں سموار میٹنگ کا سلسلہ شروع کیا ہے۔انکی میٹنگ کے انعقاد کا مقصد عوام علاقہ کے زراعت ولائیوسٹاک کے مسائل حل کرنے ہیں۔آزادکشمیر میں محکمہ لائیو سٹاک بہتری کے لیے مختلف تجاویز مرتب کی گئی ہیں تا کہ یہاں کے لوگوں میں خوشحالی(بقیہ 11صفحہ 03پر)

پونچھ کی عوام پی ٹی آئی کے ساتھ ہے، سردار اورنگزیب

جماعت عوامی فلاح و بہبود کیلئے جواقدامات اٹھا رہی ہے اس کی مثال نہیں ملتی

راولاکوٹ(دھرتی نیوز)پاکستان تحریک انصاف ضلع پونچھ کے صدر و نومنتخب کونسلر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سردار اورنگزیب خان نے کہا ہے کہ پونچھ ڈویژن میں پاکستان تحریک انصاف کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ پونچھ ڈویژن کی عوام پاکستان تحریک انصاف کیساتھ ہے،عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر مکمل اتریں گئے،عوامی حقوق کے لیے ہمیشہ اپنا کردارادا کرتے رہیں گئے، پونچھ ڈویژن کی عوام نے ان انتخابات میں ثابت کر دیا کہ پاکستان تحریک انصاف ہی وہ واحد (بقیہ 16صفحہ 03پر)

مقبوضہ کشمیر میں خشک سردی میں اضافہ،درجہ حرارت منفی

لیہہ ،دراس سردترین علاقے ،سائبیریا کے بعد دوسرا سردترین علاقہ دراس

سری نگر(کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر میں خشک سردی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ضلع کرگل میں درجہ حرارت منفی 10.8ڈگری سینٹی گریڈ ضلع لیہہ میں منفی 8.4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ قصبہ دراس جو سائبیریا کے بعد دنیا کا دوسرا سردترین علاقہ ہے، میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 11.1ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے۔سری نگر میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 3.2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا ہے۔سری نگر میں گذشتہ اتوار کی درمیانی رات بھی سردترین رات ریکارڈ ہوئی تھی جب کم سے کم درجہ(بقیہ 15صفحہ 03پر)

حلقہ نمبرپانچ میں ووٹرز کے ٹھیکے لینے والوں کو عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا،نیاز رضا

حلقہ نمبر پانچ یونین کونسل ٹائیں، تھوراڑ، پاچھوٹ اور ہورنہ میرہ کے تمام کارکنوں کو ہی بھرپور سلام پیش کرتے ہیں

اب عام ووٹرز اور لوگ سمجھ چکے ہیں کہ ان کے مسائل کا حل صرف جے کے پی پی ہی ہے، آرگنائزر جے کے پی پی ضلع پونچھ

راولاکوٹ(دھرتی نیوز) سردار نیاز رضا آرگنائزر جے کے پی پی ضلع پونچھ نے کہا ہے کہ حلقہ نمبر پانچ میں ووٹرز کے ٹھیکے لینے والوں اور سہولت کاروں کو عبرت ناک شکست کا سامنا کرنا پڑا، حلقہ نمبر پانچ یونین کونسل ٹائیں، تھوراڑ، پاچھوٹ اور ہورنہ میرہ کے کارکنوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنھوں نے ووٹرز کے ٹھیکے لینے والوں اور سہولت کاروں کو عبرت ناک شکست سے دوچار کیا اور نومنتخب ضلع کونسلر سردار ممتاز اسلم، سردار دلنواز اسلم سردار سجاد رزاق اور نمبردار نزیر کو مبارک باد پیش کرتے ہیں ان الیکشن کے نتائج کا اثر آئندہ آنے والے جنرل الیکشن میں پڑے گا اور جس طرح بلدیاتی انتخابات میں (بقیہ 14صفحہ 03پر)

بلدیاتی الیکشن میں منظم دھاندلی کی گئی ہے، اعجاز کٹھانہ

رشوت، پیسوں کے بل بوتے پر مدمقابل امیدواران کو ہرانے کی کوشش کی گئی

باغ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)سابق امیدوار اسمبلی و مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما چوہدری اعجاز کٹھانہ نے کہا ہے کہ بلدیاتی الیکشن میں دھاندلی، پیسوں کا بے دریغ استعمال، اور جعلی سند پر الیکشن لڑے گئے، چیف الیکشن کمشنر فوری طور پر جعلی اسناد، رشوت کے طور پر پیسوں کی تقسیم کا نوٹس لیتے ہوئے ان کو نااہل کیا جائے مسلم لیگ ن کو ہرانے کی ہر سازش کی گئی اور جعلی ووٹ بھی پول کیے گئے، بعض پولنگ اسٹیشنوں پر لڑائی جھگڑے کر کے ہمارے لوگوں کو ووٹ پول نہیں کرنے دیئے گئے جس کی (بقیہ 13صفحہ 03پر)

راجوری ضلع میں ایک سڑک حادثے میں کم ازکم 17افراد زخمی ہوگئے

راجوری(کے پی آئی)مقبوضہ جموں وکشمیر میں راجوری ضلع میں ایک سڑک حادثے میں کم از کم 17 افرادزخمی ہوگئے۔یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب سوموار کی صبح ضلع کے ترکنڈی (بقیہ 12صفحہ 03پر)

پاک گلی کے قریب راولاکوٹ مظفرآباد شاہراہ کی خستہ حالی حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

مبینہ طور پرٹھیکیدار اورمحکمہ کی ملی بھگت سے تعمیر ہونے والی یہ اہم ترین شاہراہ دوران تعمیر ہی اکھڑنا بھی شروع ہوگئی

حکام فی الفور نوٹس لیتے ہوئے کاروائی کریں تاکہ غریب عوام کے ٹیکسوں کے پیسوں کے ضیاع کو بچایا جاسکے، بھرپور مطالبہ

راولاکوٹ(دھرتی نیوز)محکمہ شاہرات کی کرپشن وغفلت کی وجہ سے قومی خزانہ کو لاکھوں روپے کی پھکی، راولاکوٹ تا مظفرآباد اہم شاہراہ کو پاک گلی کے مقام پر پختہ کیا گیا، ٹھیکیدار و محکمہ کی ملی بھگت سے تعمیر ہونے والی اہم شاہراہ دوران تعمیر ہی اکھاڑنا شروع ہوگئی، غیر معیاری تعمیر کی وجہ سے یہ اہم شاہراہ دوران تعمیر ہی دوبارہ کھنڈر سڑک کا مناظر پیش کرنے لگی، محکمہ شاہرات کے اعلی حکام فی الفور نوٹس لیتے ہوئے کاروائی کریں تاکہ غریب عوام کے ٹیکسوں کے پیسوں کے ضیاع کو بچایا جاسکے، مختلف عوامی حلقوں نے اس اہم شاہراہ پر ناقص تعمیر کے حوالے سے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ غیر معیاری سڑکوں کی تعمیر محض(بقیہ 24صفحہ 03پر)

سردار محمد خالد، محمد سجاد کی والدہ انتقال کرگئیں

راولاکوٹ(دھرتی نیوز) راولاکوٹ متالمیرہ سے تعلق رکھنے والے محکمہ امور دینیہ کے آفیسر سردار محمد خالد خان اور معلم سردار محمد سجاد کی والدہ محترمہ انتقال کرگئیں، ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی گھر کے قریب ادا کی گئی ،نماز جنازہ میں(بقیہ 25صفحہ 03پر)

کشمیری بھارتی قبضہ کو قبول نہیں کرتے، ڈاکٹر غلام نبی فائی

تنازعہ کشمیر اقوام متحدہ کے چارٹر، سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت حل ہونا چاہیے

واشنگٹن(کے پی آئی) ورلڈ فورم فار پیس اینڈ جسٹس کے چیرمین ڈاکٹر غلام نبی فائی نے کہا ہے کہ تنازعہ جموں وکشمیر اقوام متحدہ کے چارٹر اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت حل ہونا چاہیے۔ایک ٹویٹ میں ڈاکٹر غلام نبی فائی نے امریکی صدر جو بائیڈن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر پر طاقت کے زریعے بھارتی قبضے اور زمین حاصل کرنے کی غیر قانونی (بقیہ 26صفحہ 03پر)

ہجیرہ کی ہونہار طالبہ فریحہ عاشق نے گومل میڈیکل کالج سے چار گولڈ میڈل حاصل کرلئے

فریحہ عاشق سابق بنک منیجر مسلم کمرشل بینک محمد عاشق خان کی صاحبزادی ہیں جنہوں نے ایف ایس سی تک تعلیم محمڈن کالج ہجیرہ سے حاصل کی

میری کامیابی میں والدین، اساتذہ کی محنت وشفقت شامل ہے، خدمت خلق کے جذبہ سے اس شعبہ کا انتخاب کیا، فریحہ عاشق

راولاکوٹ(دھرتی نیوز)ہجیرہ کی ہونہار طالبہ فریحہ عاشق نے گومل میڈیکل کالج ڈیرہ اسماعیل خان سے چار گولڈمیڈل حاصل کرنے کا اعزاز اپنے نام کیا ہے ،فریحہ نے جنرل پیتھالوجی ، میڈیسن، سپیشل پیتھالوجی، اپتھلمالوجی(امراض چشم) میں گولڈ میڈل حاصل کیے ،فریحہ عاشق سابق بنک منیجر مسلم کمرشل بینک محمد عاشق خان کی صاحبزادی ہیں جنہوں نے ایف ایس سی تک تعلیم محمڈن کالج ہجیرہ سے حاصل کی،انہوں نے کچھ روز قبل گومل میڈیکل کالج ڈیرہ اسماعیل خان میں منعقدہ کانووکیشن میں گولڈ میڈل حاصل کیے ،اپنی کامیابی کو اپنے والدین کی محنت وکاوش ، اساتذہ کی شفقت قرار دیا (بقیہ 27صفحہ 03پر)

ہجیرہ:۔گولڈ میڈل حاصل کرنے والی ہونہار طالبہ فریحہ عاشق کا اپنے والد کے ہمراہ فوٹو۔

For Daily Kashmir Dharti News Update
Follow u On
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti / zoom
HD NEWS